شفیق فاروقی



دار العلوم کے شب و روز

مولانا انظر شاہ کشمیری دار العلوم دیوبند کے عظیم محدث علامہ انور شاہ کشمیریؒ کے صاحبزادے حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری دیوبند سے تشریف لائے۔ حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم سے ملاقات کی۔ دوران گفتگو دار العلوم دیوبند کے ماضی میں زبردست تاریخی کردار، اکابر اساتذہ حضرت شیخ الہندؒ، حضرت مدنیؒ، علامہ انور شاہ کشمیریؒ، مولانا اعزاز علیؒ اور ان کے تدریسی، تصنیفی، علمی اور مجاہدانہ کارناموں کا تذکرہ رہا۔ طلبہ کی خواہش پر مولانا انظر شاہ مدظلہ نے دار الحدیث میں ان سے خطاب بھی فرمایا جو الحق میں بھی شائع کر دیا جائے گا۔

تقریر کے اختتام پہ دار الحدیث میں یہ منظر دیدنی تھا کہ مولانا موصوف حضرت شیخ الحدیث سے اجازت حدیث کی درخواست کر رہے تھے۔ اور حضرت کا اصرار تھا کہ میں اس کا اہل ہی نہیں۔ مولانا کا اصرار ہی رہا۔

بالآخر حضرت نے اجازت حدیث مرحمت فرمائی۔

ڈاکٹر مصلح الدین کی آمد ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۲ء مشہور محقق اور سکالر جناب ڈاکٹر مصلح الدین مشیر جدید پاکستان برائے دینی تعلیم (سابقاً مقیم حیدر آباد دکن انڈیا) تشریف لائے۔ دار العلوم کے دفتر میں حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات کی اور حضرت سے فلسفہ و ریاضی کے اہم مباحث پر گفتگو کی اور محظوظ ہوئے۔

مؤتمر المصنفین، دفتر الحق، کتب خانہ، درسگاہوں، رہائش گاہوں اور دار الافتاء کا معائنہ فرمایا۔ اور مولانا سمیع الحق کی معیت میں دار العلوم کے شعبہ مڈل سکول کی کلاسوں میں بھی گئے۔ اور دار العلوم کے کاموں پر دلی مسرت کا اظہار فرمایا۔ وہ اپنے تاثرات میں لکھتے ہیں:

"اس درسگاہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا انتظام نہایت ہی پرخلوص اشخاص کے ہاتھ میں ہے اور طلبہ کی رہائش کا اہتمام بوجوہ احسن انجام پا رہا ہے"

چینی علماء اور مسلمانوں کی آمد ۱۳ اکتوبر چینی مسلمانوں کا ایک وفد جو فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد پاکستان آیا ہے۔ اور جو ملک کا دورہ کر رہا ہے۔ پروگرام کے مطابق دار العلوم حقانیہ آیا۔ حضرت شیخ الحدیث